Shabbir / Farooqui

03-03-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسعد اللہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ مغربی ایشیاء میں جنگ میں تیزی آ گئی ہے، کیونکہ ایران اور اسرائیل-امریکہ کی مشترکہ فورسز نے میزائل اور ڈرون سے تازہ حملے شروع کردیئے ہیں۔

☆ امریکی صدر نے ایران میں زمینی فوجیں بھیجنے کے امکان کو مسترد نہیں کیا ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے سعودی ولیعہد شہزادہ اور وزیراعظم محمد بن سلمان اور بحرین اور اردن کے شاہوں کے ساتھ ٹیلی فون پر مغربی ایشیا کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

☆ بھارت کیلئے دبئی اور ابوظہی سے پروازیں پھر سے شروع ہوگئی ہیں، جس سے متحدہ عرب امارات میں پھنسے مسافروں کو بڑی راحت ملی ہے۔ انڈیگو نے جدہ سے بھارت کیلئے 10 خصوصی امدادی پروازیں چلانے کا منصوبہ بنایا ہے۔ تاکہ پھنسے ہوئے مسافروں کو واپس لایا جاسکے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج معاشی ترقی کو پائیدار اور مستحکم بنانے سے متعلق بجٹ کے بعد کے ایک ویبنار سے خطاب کریں گے۔

☆ اور، برمنگھم میں آج آل انگلینڈ بیڈمنٹن چمپئن شپ شروع ہورہی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

West Asia Conflict

مغربی ایشیاء میں جنگ میں تیزی آ گئی ہے، کیونکہ ایران اور اسرائیل-امریکہ کی مشترکہ فورسز نے میزائل اور ڈرون سے تازہ حملے شروع کردیئے ہیں۔ ایرانی حمایت یافتہ ملیشیا نے، ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای اور دیگر اعلیٰ افسروں کی موت کے بعد متحدہ عرب امارات، کویت اور بحرین سمیت خلیجی ملکوں میں امریکی اثاثوں کو نشانہ بنایا۔ اسرائیل اور امریکہ نے تہران میں درجنوں ٹھکانوں پر حملے کئے اور ایرانی فوجی اور انٹیلیجنس کے مقامات کو نشانہ بنایا۔ وہائٹ ہاؤس میں اظہار خیال کرتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ اُن کے مقاصد میں ایران کی میزائل صلاحیتوں

کو تباہ کرنا، ان کی بحریہ کو ختم کرنا ہے اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ایران کبھی بھی نیوکلیئر ہتھیار حاصل نہ کر سکے۔

S/B 0815-Trump

بعد میں ایک پرائیویٹ میڈیا چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ ابھی ایران کے ساتھ جنگ میں بڑا حملہ شروع کیا جانا ہے۔ ایک علیحدہ انٹرویو میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ اگر ضروری ہوا، تو وہ ایران میں امریکی فوج بھیجنے سے نہیں کترائیں گے۔

امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیوں نے بھی کہا کہ اس آپریشن کے مکمل ہونے کے بعد دنیا ایک محفوظ مقام بن جائے گی۔

پنٹاگن میں اخباری نمائندوں سے بات چیت کے دوران امریکہ کے وزیر دفاع Pete Hegseth نے کہا کہ پہلے 48 گھنٹوں میں ایک ہزار 250 ٹھکانوں پر کارروائی کی گئی۔ امریکی فوج نے کہا ہے کہ B-2 Stealth جنگی طیاروں نے دو ہزار پاؤنڈ کے بموں کے ساتھ ایران کے بیلسٹک میزائل کی تنصیبات کو نشانہ بنایا۔

اسرائیل کے وزیراعظم بنیامین یاہو نےBeit Shemeesh شہر کا دورہ کیا اور تہران کے میزائلوں سے متاثر ہوئے شہریوں سے ملاقات کی۔

اسی دوران ایران کے پاسداران انقلاب کے گارڈ Corps (IRGC) نے بتایا کہ اُن کے سپریم لیڈر اور دیگر اعلیٰ افسروں کی حالیہ موت سے ایران کچھ زیادہ متاثر نہیں ہوا ہے۔ لیکن اس سے انہیں مضبوطی ملی ہے اور دشمن اب دنیا میں کسی بھی جگہ اور زیادہ وقت تک محفوظ نہیں رہ سکے گا۔

اس دوران ایران کے صدر مسعود Pezeshkian نے پاسداران انقلاب کے جنرل ماجد Ebnelreza کو، ان کے پیشرو کے اسرائیل-امریکی حملوں میں مارے جانے کے بعد کارگزار وزیر دفاع مقرر کیا ہے۔

دوسری جانب متحدہ عرب امارات کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ اُس کے فضائی نظام نے کل ایران کے 9 بیلسٹک میزائل، 6 کروز میزائل اور 148 ڈرونس کو روکا۔ تاہم ایران کے وزیر خارجہ سید عباس اراغچی نے کہا کہ 160 سے زیادہ نوجوان بچیاں ایک پرائمری اسکول پر امریکی-اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں ہلاک ہوگئیں۔×

PM Modi West Asia

وزیراعظم نریندر مودی نے سعودی عرب کے وزیراعظم اور ولیعہد شہزادہ محمد بن سلمان کے ساتھ ٹیلی فون پر مغربی ایشیاء کی بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ جناب مودی نے سعودی عرب پر حالیہ حملے کی مذمت کی اور اِسے سعودی عرب کے اقتدار اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی قرار دیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ فریقین اس بات پر متفق ہیں کہ خطے میں امن اور استحکام کی جلد سے جلد بحالی انتہائی اہم ہے۔ وزیراعظم نے ان مشکل حالات کے دوران بھارتی برادری کے تحفظ اور اُن کا خیال رکھنے کیلئے جناب سلمان کا شکریہ بھی ادا کیا۔

جناب مودی نے بحرین کے شاہ حماد بن عیسیٰ الخلیفہ کے ساتھ بھی ٹیلی فون پر گفتگو کی اور بحرین پر ہوئے حملے کی مذمت کی۔

جناب مودی نے کہا کہ بھارت اس مشکل گھڑی میں وہاں کی عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے بحرین میں بھارتی کمیونٹی کے تیئں پوری مدد کرنے کیلئے بحرین کے شاہ کا شکریہ ادا کیا۔

وزیراعظم مودی نے اُردن کے شاہ عبداللہ دوئم سے بھی گفتگو کی اور خطے کی بدلتی صورتحال کے بارے میں گہری تشویش کا اظہار کیا۔ جناب مودی نے اردن میں امن وسلامتی کیلئے بھارت کی حمایت کا اعادہ کیا اور اس ملک کے عوام کے تحفظ کے تیئں ہمدردی کا اظہار کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انہوں نے اس مشکل گھڑی میں اردن میں بھارتی برادری کا خیال رکھنے کیلئے شاہ عبداللہ دوئم کا شکریہ ادا کیا۔×

## Dubai Flights Resumed

بھارت کیلئے دبئی اور ابوظہبی سے پروازیں کل رات سے پھر شروع ہوگئی ہیں۔ مغربی ایشیاء خطے میں جاری جنگ کی وجہ سے متحدہ عرب امارات میں پھنسے ہزاروں بھارتیوں کو ایک بڑی راحت کے طور پر دلّی۔ممبئی اور بینگلورو کیلئے یہ پروازیں پھر سے شروع ہوئی ہیں، جنہیں کئی دِنوں تک منسوخ کردیا گیا تھا۔ دبئی میڈیا کے دفتر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ دبئی ہوائی اڈوں نے کل شام پروازیں محدود پیمانے پر دوبارہ شروع کرنے کی تصدیق کردی ہے۔ دبئی انٹرنیشنل اور دبئی ورلڈ سینٹرل - المختوم انٹرنیشنل DWC سے مختصر تعداد میں پروازیں پھر سے شروع کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔

مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اس وقت تک دبئی انٹرنیشنل اور دبئی ورلڈ سینٹرل - المختوم انٹرنیشنل DWC کیلئے روانہ، نہ ہوں، جب تک کہ وہ روانگی کے مصدقہ وقت کے ساتھ اپنی ایئرلائنس سے براہ راست رابطہ نہ کرلیں۔×

## Civil Aviation Indigo

شہری ہوابازی کی وزارت نے کہا ہے کہ انڈیگو نے آج جدہ سے بھارت کیلئے 10 خصوصی پروازیں چلانے کا منصوبہ بنایا ہے تاکہ پھنسے ہوئے مسافروں کو واپس لایا جا سکے، لیکن یہ ضروری منظوری اور فضائی حدود کی موجودہ صورتحال سے مشروط ہے۔ وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ انڈیگو مسافروں کی مدد کیلئے جدہ میں بھارت کے قونصلیٹ جنرل کے ساتھ کوآرڈینیٹ کر رہی ہے۔ شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں صورتحال کا جائزہ لیا جس میں شہری ہوابازی کے سکریٹری سمیر کمار سنہا اور تمام سینئر افسران نے شرکت کی۔ وزارت نے کہا کہ وہ مشرق وسطیٰ میں فضائی حدود کی بدلتی ہوئی صورتحال اور بین الاقوامی پروازوں کے آپریشن کے پڑنے والے اثرات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔

وزارت نے مسافروں کو یہ بھی مشورہ دیا ہے کہ وہ ایئر پورٹ روانہ ہونے سے پہلے اپنی ایئرلائنز سے براہ راست پروازوں کے بارے میں تازہ معلومات حاصل کریں اور تازہ جانکاری کیلئے صرف مستند ذرائع پر انحصار کریں۔x

Civil Aviation Indigo

شہری ہوابازی کی وزارت نے کہا ہے کہ انڈیگو نے آج جدہ سے بھارت کیلئے 10 خصوصی پروازیں چلانے کا منصوبہ بنایا ہے تاکہ پھنسے ہوئے مسافروں کو واپس لایا جا سکے، لیکن یہ ضروری منظوری اور فضائی حدود کی موجودہ صورتحال سے مشروط ہے۔ وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ انڈیگو مسافروں کی مدد کیلئے جدہ میں بھارت کے قونصلیٹ جنرل کے ساتھ کوآرڈینیٹ کر رہی ہے۔ شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں صورتحال کا جائزہ لیا جس میں شہری ہوابازی کے سکریٹری سمیر کمار سنہا اور تمام سینئر افسران نے شرکت کی۔ وزارت نے کہا کہ وہ مشرق وسطیٰ میں فضائی حدود کی بدلتی ہوئی صورتحال اور بین الاقوامی پروازوں کے آپریشن پر پڑنے والے اثرات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔
وزارت نے مسافروں کو یہ بھی مشورہ دیا ہے کہ وہ ایئر پورٹ روانہ ہونے سے پہلے اپنی ایئرلائنز سے براہ راست پروازوں کے بارے میں تازہ معلومات حاصل کریں اور تازہ جانکاری کیلئے صرف مستند ذرائع پر انحصار کریں۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

PM Weather

وزیراعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ معاشی ترقی کو مستحکم اور پائیدار بنانے کے موضوع پر بجٹ کے بعد کے ایک ویبنار سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم کے دفتر نے بتایا کہ بجٹ کے بعد کے ویبنار میں صنعتی نظام کو آگے بڑھانے، ٹیکنالوجی لیڈرشپ کو وسعت دینے اور اہم شعبوں کی بنیادوں کو مستحکم کرنے کیلئے آئندہ اصلاحات کو اجاگر کیا جائے گا۔
وزیراعظم کے دفتر نے مزید بتایا کہ ویبنار میں مذاکرات کے دوران ترجیحات کو مؤثر کارروائی میں تبدیل کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ وہ اُن صنعتی شرکاء کی طرف سے اہم معلومات سے بھی مستفید ہوں گے، جن کا تجربہ زیادہ مؤثر نفاذ میں مددگار ثابت ہوگا۔x

Kerala Attukal Pongal

کیرالہ کی راجدھانی ترواننت پورم شہر، آج سالانہ Attukal Pongal فیسٹول منانے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ ریاست بھر سے لاکھوں خواتین عقیدت مند مذہبی رسومات میں حصہ لینے کیلئے پہلے ہی Attukal Bhagavathy مندر پہنچنا شروع ہوگئی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Smithy

مشہور Attukal Pongala فیسٹول کے لئے لاکھوں خواتین عقیدتمند کیرالہ کی راجدھانی ترواننت پورم میں جمع ہیں۔ یہ عقیدتمند پونگلا تیار کریں گی جو چاول، گڑ اور ناریل پر مشتمل ایک ذائقہ دار میٹھا پکوان ہے، یہ پکوان شہر کی سڑکوں کے کنارے اور عام گزرگاہوں پر اینٹوں کے عارضی چولھے پر مٹی کے برتنوں میں تیار کیا جاتا ہے۔

روایت کے مطابق Pongala صرف خواتین ہی پیش کرسکتی ہیں۔ Adappu Vettlu رسم آج صبح 9 بجکر 45 منٹ پر ہوگی جبکہ Pongala کی رسم دوپہر 2 بجکر 15 منٹ پر ادا کی جائے گی۔ یہ فیسٹول آدھی رات کو Kuruthi کی پیشکش کے ساتھ اختتام پذیر ہوگا۔ مقامی حکام نے اس فیسٹول کیلئے وسیع تر انتظامات کیے ہیں، ضلع میں سرکاری دفتروں میں آج چھٹی رہے گی۔

اسمتھی ایم پلورتھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....

Puri Oil Review

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ حکومت مغربی ایشیاء کی بدلتی ہوئی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب پوری نے کہا کہ ملک میں بڑی پیٹرولیم مصنوعات کی دستیابی اور قابل استطاعت کو یقینی بنانے کیلئے تمام ضروری اقدامات کئے جائیں گے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ انہوں نے وزارت کے سینئر افسروں اور پبلک سیکٹر اَنڈر ٹیکنگس کے سینئر افسروں کے ساتھ خام تیل، LPG اور پیٹرولیم کی دیگر مصنوعات کی سپلائی کی صورت حال کے بارے میں بھی جائزہ لیا۔×

Railways Holi

بھارتی ریلویز نے یقین دلایا ہے کہ ملک بھر سے مسافر، تمام ریلوے زونز میں بے حد محتاط منصوبہ بندی اور مربوط عمل آوری کے ذریعہ آسانی کے ساتھ ہولی فیسٹول کیلئے اپنے گھروں کا سفر کرسکتے ہیں۔ شمالی ریلوے نے دلّی علاقے، خصوصاً ملک کے مشرقی حصوں کا سفر کرنے والے مسافروں کیلئے بڑے اسٹیشنوں پر مناسب انتظامات کئے ہیں، تاکہ وہ

ہولی منانے کیلئے آسانی سے اپنے گھروں کو جاسکیں۔ گزشتہ پانچ روز کے دوران دلّی خطے سے تقریباً 14 لاکھ مسافروں نے سفر کیا۔ بڑے اسٹیشنوں پر مسافروں کی بھیڑ پر مسلسل نگاہ رکھتے ہوئے آج 22 خصوصی ٹرینیں چلانے کا بھی منصوبہ ہے۔

جنوبی سینٹرل ریلوے نے ہولی فیسٹول سیزن کے دوران مسافروں کی بھاری بھیڑ سے مؤثر ڈھنگ سے نمٹنے کیلئے زبردست انتظامات کئے ہیں۔

21 فروری اور 2 مارچ کے درمیان زون نے رکسول، نظام الدین، Kollam، داناپور اور بھوبنیشور سمیت اہم مقامات کیلئے سکندرآباد، Charlapalli اور تروپتی جیسے اسٹیشنوں سے 26 خصوصی ٹرینیں چلائیں۔

ایک بیان میں ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ مسافروں کی بھیڑ بھاڑ متوقع اضافے سے نمٹنے کیلئے 25 فروری سے اس ماہ کی 18 تاریخ تک کیلئے مختلف ریلوے زونس میں ایک ہزار 244 ہولی اسپیشل ٹرینیں چلائی جارہی ہیں۔x

Asmita League Sports Ministry

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کی وزیر مملکت Raksha Nikhil Khadse نے نئی دلی میں

Achieving Sports Milestone by Inspiring, Women Through Action, ASMITA

لیگ کے ایک خصوصی ایڈیشن کا اعلان کیا ہے۔ یہ لیگ اس ماہ کی 8 تاریخ کو بین الاقوامی یوم خواتین کے موقع پر ہو رہی ہے۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ یہ پہل زمینی سطح پر خاتون ایتھلیٹوں کو مقابلہ جاتی پلیٹ فارم فراہم کرکے انھیں بااختیار بنائے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ لیگ آئندہ برسوں میں کھیلوں کے ایک مضبوط کلچر کو فروغ دینے اور مستحکم کرنے کے وزیراعظم نریندر مودی کے وژن سے مطابقت رکھتی ہے۔

S/B Raksha Khadse

لڑکیوں کیلئے یہ مقابلے عمر کے لحاظ سے تین زمروں میں منعقد کیے جائیں گے جن میں 13 سال سے کم، 13 سے 18 سال اور اس سے زیادہ کی عمر کی کھلاڑی شامل ہیں۔ اس میں 100 میٹر، 200 میٹر اور 400 میٹر دوڑ کے مقابلے شامل ہیں۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔IMD نے کہا ہے کہ سکم میں آج صبح کے اوقات میں شدید کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے مزید کہا ہے کہ اگلے چار دن کے دوران شمال مغربی بھارت کے میدانی علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس میں بتدریج اضافے کا امکان ہے۔x

All England Badminton Championship

بیڈمنٹن میں بھارت آج برمنگھم میں 2026 کی آل انگلینڈ بیڈمنٹن چیمپین شپ میں تمام پانچ زمروں میں 12 رکنی دستے کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ اولمپک میں دو بار میڈل حاصل کرنے والی پی وی سندھو ٹورنامنٹ میں حصہ نہیں لے سکیں گی کیونکہ وہ امریکہ-ایران تنازعہ کے درمیان خلیج میں فضائی حدود بند ہونے کی وجہ سے دبئی میں پھنس گئی ہیں۔ سندھو کی غیر موجودگی میں پوری ذمہ داری لکشیہ سین پر آ گئی ہے۔ مردوں کے سنگلز کے ابتدائی مرحلے میں لکشیہ سین کا مقابلہ دنیا کے نمبر ایک کھلاڑی اور دفاعی چیمپئن چین کے Shi Yu Qi سے ہوگا۔

خواتین کے سنگلز میں Malvika Bansod اور اولمپک چیمپین چین کی دنیا کی نمبر تین کھلاڑی Chen Yufei کے درمیان پہلے راؤنڈ کا مقابلہ برابری پر رہا جبکہ Unnati Hooda کا مقابلہ تھائی لینڈ کی Pornpawee Chochuwong سے ہوگا۔

خواتین کے ڈبلز میں Treesa Jolly اور Gayatri Gopichand جاپان کی Sayaka Hirota اور Ayako Sakuramoto سے مقابلہ کریں گی۔ مکسڈ ڈبلز میں Dhruv Kapila اور Tanisha Crasto کی جوڑی کا مقابلہ ملیشیا کی Hoo Pang Ron اور Cheng Su Yin سے ہوگا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -اسعد اللہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے اِس بیان کو صفحۂ اول پر شائع کیا ہے کہ مغربی ایشیا کی صورتحال اور تمام تنازعات کو سفارت کاری اور مذاکرات کے ذریعہ حل کیا جانا چاہیے۔ اخبار کی ایک اور خبر ہے کہ وزیراعظم نے اس ضمن میں خطے کے کئی رہنماؤں سے ٹیلی فون پر بات کی اور جاری کشیدگی کو حل کرنے پر زور دیا۔

’مغربی ایشیا میں کشیدگی کے باعث بین الاقوامی بازاروں میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافۂ اس خبر کو آج کے سبھی اخباروں نے شائع کیا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 'بااختیار خواتین، خوشحال دلی' پروگرام میں شرکت کی اور دلی حکومت کی خواتین پر مبنی کئی فلاحی اسکیموں کا آغاز کیا، اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب کی خبر ہے: وزیر داخلہ امت شاہ نے بنگال میں BJP کی 'پریورتن یاترا' سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بنگال کے عوام تبدیلی کے خواہاں، نوجوانوں کے لئے روزگار فراہم کرنے کا بھی کیا اعلان۔

'عالمی اقتصادی منظر نامے میں بھارت کا ایک اہم مقام ہے جو تعلیم و تعلم، اختراعات اور اسے عملی جامہ پہنانے کے لئے بے شمار مواقع فراہم کرتا ہے'۔ وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے اس بیان کو پرتاپ نے سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے ICAR کے مختلف اداروں کے ساتھ جامع جائزہ میٹنگ میں، جوٹ سیکٹر کو مضبوط بنانے، زرعی پیداوار کو بڑھانے اور ماہی پروری کو فروغ دینے پر زور دیا۔ اس خبر کو ہندوستان ایکسپریس نے نمایاں کیا ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

- ☆ مغربی ایشیاء میں جنگ میں تیزی آ گئی ہے، کیونکہ ایران اور اسرائیل-امریکہ کی مشترکہ فورسز نے میزائل اور ڈرون سے تازہ حملے شروع کردیئے ہیں۔
- ☆ امریکی صدر نے ایران میں زمینی فوجیں بھیجنے کے امکان کو مسترد نہیں کیا ہے۔
- ☆ وزیراعظم نریندر مودی نے سعودی ولیعہد شہزادہ اور وزیراعظم محمد بن سلمان اور بحرین اور اردن کے شاہوں کے ساتھ ٹیلی فون پر مغربی ایشیا کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔
- ☆ بھارت کیلئے دبئی اور ابوظہبی سے پروازیں پھر سے شروع ہوگئی ہیں، جس سے متحدہ عرب امارات میں پھنسے مسافروں کو بڑی راحت ملی ہے۔ انڈیگو نے جدہ سے بھارت کیلئے 10 خصوصی امدادی پروازیں چلانے کا منصوبہ بنایا ہے۔ تاکہ پھنسے ہوئے مسافروں کو واپس لایا جاسکے۔
- ☆ وزیراعظم نریندر مودی آج معاشی ترقی کو پائیدار اور مستحکم بنانے سے متعلق بجٹ کے بعد کے ایک ویبنار سے خطاب کریں گے۔
- ☆ اور، برمنگھم میں آج آل انگلینڈ بیڈمنٹن چمپئن شپ شروع ہورہی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------